# 06-04-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔آج بھارتیہ جنتا پارٹی کا 47واں یوم تاسیس ہے۔وزیراعظم نریندر مودی، مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ، بی جے صدر قومی صدر نتن نبین و دیگر نے پارٹی کارکنوں کو دی مبارکباد۔

۲۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے تاریخی باسرا سرسوتی مندر کی شاندار از سرنوتعمیر کا آغاز کیا جو جنوبی ہند میں دیوی سرسوتی کے لئے ایک اہم مقام ہے۔

۳۔بی آر ایس قائد ہریش راؤ نے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی پر تنقید کرتے ہوئے الزام لگایا کہ حکومت قیمتی اراضی فروخت کرنے پر توجہ دے رہی ہے جس میں کوہیڑہ فروٹ مارکیٹ کے لئے مختص زمین بھی شامل ہے۔

اور

۴۔نائب صدر جمہوریہ و راجیہ سبھا کے چیرمین سی پی رادھا کرشنن نے آج نومنتخب 19 راجیہ سبھا ممبرس کو حلف دلایا۔

## BANDH

بی جے پی اور دیگر ہندو تنظیموں نے آج میڈک ٹاؤن میں مکمل بند کا اہتمام کیا۔یہ احتجاج میڈک میں ہندو مندروں پر مبینہ حملوں کے خلاف کیا گیا۔ہنومان مندر کی بے حرمتی کے خلاف آج صبح پیٹرول پمپس اور دیگر تجارتی دکانیں رضا کارانہ طور پر بند رہیں۔اس موقع پر بی جے پی ضلع صدر ملیشَم گوڑ نے مندروں پر بڑھتے ہوئے حملوں پر تشویش کا اظہار کیا۔انہوں نے الزام لگایا کہ کچھ عناصر جان بوجھ کر مندروں کو نشانہ بنا رہے ہیں۔انہوں نے خبردار کیا کہ اگر ایسے

واقعات دوبارہ پیش آئے تو اس کے سنگین نتائج برآمد ہوں گے۔انہوں نے پولیس اور حکام سے مطالبہ کیا کہ قصورواروں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے۔

BRS

بی آر ایس قائدین نے گجویل میں ایم ایل اے کیمپ آفس پر کانگریس لیڈروں کے مبینہ حملہ کے خلاف بند منایا گیا۔ بی آر ایس کارکنان نے پرگنا پور کے آر ٹی سی ڈپو کے سامنے دھرنا دیا اور بعد ازاں گجویل ٹاؤن میں ریلی نکالی۔اس دوران بی آر ایس قائدین نے ریاستی حکومت کے خلاف نعرے بازی کی۔انہوں نے کہا کہ ایم ایل اے کیمپ آفس پر حملہ انتہائی قابل مذمت اور سنگین ہے۔ان کا الزام تھا کہ کانگریس قائدین غرور میں آ کر اس قسم کے حملوں میں ملوث ہیں۔عوامی مخالفت سے بچنے کے لئے وہ انتقامی سیاست کو فروغ دے رہے ہیں۔

MAHABUBABAD:

محبوب آباد ضلع کی کلکٹر سنیہا شبریش نے زور دیا کہ منشیات کے پھیلاؤ کو روکنے کے لئے زمینی سطح پر بہتر ہم آہنگی ضروری ہے۔ ضلع سطح کے نارکو کوآرڈنیشن اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے انہوں نے منشیات مخالف پوسٹرز اور کتابچہ جاری کیا۔کلکٹر نے حکام کو ہدایت دی کہ نشہ آور اشیاء کی کاشت والے علاقوں کی نشاندہی کر کے سخت کارروائی کی جائے اور ضلع میں عوامی مقامات پر شراب نوشی کو روکا جائے۔انہوں نے منشیات اور ڈرگس کے مضر اثرات سے متعلق آگاہی مہم کو فروغ دینے کے لئے ویڈیوس اور پوسٹرس کے وسیع استعمال پر بھی زور دیا۔انہوں نے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ ضلع کی انسدادِ منشیات یونٹ پوری مستعدی کے ساتھ کام کرے تا کہ منشیات کے ناسور کو جڑ سے ختم کیا جا سکے۔

BHADRADRI

بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع کلکٹر انکت نے آج جولوروپادو پرائمری ہیلتھ سینٹر کا اچانک معائنہ کیا تا کہ طبی خدمات اور بنیادی ڈھانچہ کا جائزہ لیا جاسکے۔ دورہ کے دوران انہوں نے مختلف شعبوں اوراسپتال کے احاطہ کا باریک بینی سے معائنہ کیا تا کہ صحت کی سہولیات کے اعلیٰ معیار کو یقینی بنایا جاسکے۔ ہیٹ اسٹروک سے متعلق داخل مریضوں کی تعداد میں اضافہ دیکھتے ہوئے انہوں نے طبی عملہ کو ہدایت دی کہ گرمی کے موسم میں درجہ حرارت بڑھنے کے ساتھ چوکنا رہیں۔انہوں نے حکام کوضروری ادویات اوراوآر ایس پیکٹس کا مناسب ذخیرہ برقرار رکھنے کی بھی ہدایت دی تا کہ پانی کی کمی اور گرمی سے متعلق بیماریوں کا موثر علاج کیا جاسکے۔ دریں اثناء کلکٹر نے عوام کو گرمی سے محفوظ رہنے کے احتیاطی اقدامات کے بارے میں آ گاہی دینے پر زور دیا۔

NAGARKURNOOL

ناگرکرنول کے رکن اسمبلی ڈاکٹر کے راجیش ریڈی نے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کے تعاون سے ناگرکرنول ضلع ہیڈکوارٹر کوترقی کا نمونہ بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔ ٹی سونیندرا کی زیر صدارت منعقدہ میونسپل کونسل اجلاس میں شرکت کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ 56 کروڑ روپے مالیت کے سڑکوں کے کام مکمل ہو چکے ہیں جبکہ 40 کروڑ روپے کے نکاسی آب کے منصوبے جاری ہیں۔انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ شہر کی ترقی کے لیے بھرپور تعاون فراہم کر رہے ہیں، جس میں 12 کروڑ روپے کی لاگت سے نئے بس اسٹینڈ کی تعمیر بھی شامل ہے۔ اجلاس کے دوران ایم ایل اے نے 22ویں وارڈ میں نکاسی آب کے کاموں کا سنگ بنیاد رکھا اور کونسل کی درخواست پر نئے میونسپل میٹنگ ہال کے لئے ایک کروڑ روپے کی گرانٹ دینے کا اعلان

کیا۔انھوں نے میونسپل ادارہ کو شفاف انداز میں کام کرنے کی ہدایت دی اور شہریوں سے کہا کہ وہ اپنی شکایات ان تک پہنچائیں تاکہ جامع شہری ترقی کو یقینی بنایا جاسکے۔

BASARA

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے تاریخی باسرا سرسوتی مندر کی شاندار از سرنو تعمیر کا آغاز کیا جو جنوبی ہند میں دیوی سرسوتی کے لئے مخصوص ایک اہم عبادت گاہ ہے۔ 225 کروڑ روپے کے منصوبوں کا سنگ بنیاد رکھتے ہوئے انھوں نے مندر کے رقبہ کو 20 ہزار سے بڑھا کر 60 ہزار مربع فٹ کرنے کا منصوبہ شروع کیا۔اس ترقیاتی منصوبے میں نئے گنبد، منڈپ اور سڑکوں کی تعمیر شامل ہے۔ انھوں نے حکام کو ہدایت دی کہ آئندہ گوداوری پشکرالو سے قبل کام کو جلد مکمل کیا جائے۔نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرمارکا اور دیگر وزراء کی موجودگی میں وزیراعلیٰ نے اس مندر کی جدیدکاری کی کامیابی کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

PRAGATHI

نلگنڈہ ضلع کلکٹر بی چندر شیکھر نے عوام سے اپیل کی کہ وہ خریداری کے دوران خوراک کے معیار اور حفاظتی اصولوں کو ترجیح دیں۔ پرجا پالنا پرگتی پرنالیکا پروگرام کے تحت 99 روزہ ایکشن پلان کے حصہ کے طور پر انھوں نے ’ایٹ رائٹ، اسٹے ہیلتھ دی‘ ریلی کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا جس کا مشترکہ طور پر فوڈ سیفٹی اور میڈیکل ہیلتھ محکموں نے اہتمام کیا تھا۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کلکٹر نے بتایا کہ عوامی صحت کے فروغ کے لئے اس ماہ کی 6 سے 11 تاریخ تک ’ہیلتھ ویک‘ منایا جارہا ہے۔انھوں نے روزمرہ زندگی میں باقاعدہ ورزش اور متوازن غذا کی اہمیت پر زور دیا اور ملاوٹ شدہ خوراک سے محتاط رہنے کی ہدایت دی۔خوراک کی حفاظت کو یقینی بنانے

کے لئے محکمہ نے نلگنڈہ شہر میں 100 اسٹریٹ وینڈرس کو لائسنس جاری کیا گیا۔اس کے علاوہ ضلع بھر میں ایک خصوصی موبائل تشہیری گاڑی تعینات کی گئی ہے جو عوام کو ملاوٹ شدہ غذائی اشیاء کے مضر اثرات اور خطرات سے آگاہ کر رہی ہے۔

HARISH

بی آر ایس قائد ہریش راؤ نے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی پر تنقید کرتے ہوئے الزام لگایا کہ حکومت قیمتی اراضی فروخت کرنے پر توجہ دے رہی ہے جس میں کوہیڑہ فروٹ مارکیٹ کے لئے مختص زمین بھی شامل ہے۔رنگاریڈی دورہ کے موقع پر سبیتا اندرا ریڈی کے ہمراہ انہوں نے کہا کہ حکومت کو دلالوں کے بجائے کسانوں کو ترجیح دینی چاہیئے۔انہوں نے بتایا کہ سابقہ حکومت نے مارکیٹ کے لئے زمین حاصل کی تھی اور ایک ہزار کروڑ روپے کا منصوبہ تیار کیا تھا جو ایک صدی تک کارآمد رہنے کے لئے ڈیزائن کیا گیا تھا۔انہوں نے افسوس ظاہر کیا کہ عالمی معیار کی اس سہولت کے قیام کا وژن موجودہ حکومت کی جانب سے زمین فروخت کرنے کے ارادے سے متاثر ہو رہا ہے۔

PM

وزیر اعظم نریندر مودی نے آسام کے بارپیٹا میں ایک عوامی جلسہ کے دوران کانگریس پارٹی پر سخت تنقید کی۔انہوں نے الزام لگایا کہ کانگریس دراندازوں کی حمایت کرتی ہے اور غیر قانونی زمینوں پر قبضہ کو فروغ دیتی ہے۔انہوں نے کہا کہ کانگریس نے مقدس ویشنوائٹ خانقاہوں کی ہزاروں بیگھا زمینوں پر قبضہ ہونے دیا۔مودی نے زور دے کر کہا کہ کانگریس پارٹی نے آسام کے ثقافتی اور روحانی ورثہ کے بجائے سیاسی اقتدار کو ترجیح دی۔خواتین ریزرویشن بل اور حد

بندی کے حوالے سے وزیراعظم نے یقین دہانی کرائی کہ کسی بھی ریاست کی نمائندگی متاثر نہیں ہوگی اور تمام جماعتوں سے اپیل کی کہ 16 اپریل سے شروع ہونے والے خصوصی پارلیمانی اجلاس میں ان قوانین کی حمایت کریں۔

Oath

نائب صدر جمہوریہ و راجیہ سبھا کے چیرمین سی پی رادھا کرشنن نے آج نومنتخب 19 راجیہ سبھا ممبرس کو حلف دلایا۔ حلف لینے والوں میں مرکزی مملکتی وزیر رام داس اوٹھاؤلے، سینئر این سی پی ،ایس سی پی لیڈر شرد پوار شامل ہیں جنہوں نے آج صبح رکن راجیہ سبھا کے طور پر حلف لیا۔ یہ دونوں لیڈرس مہاراشٹر کی نمائندگی کرتے ہیں۔ حلف لینے والے نئے ارکان میں ٹاملناڈو، مغربی بنگال اور اوڈیشہ سے تعلق رکھتے ہیں۔

Day:

آج بھارتیہ جنتا پارٹی کا 47 واں یوم تاسیس ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی، مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ، بی جے صدر قومی صدر نتن نبین و دیگر نے پارٹی کی یوم تاسیس پر کارکنوں کو مبارکباد دی۔ اپنے سوشل میڈیا بیان میں وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ بھارتیہ جنتا پارٹی ہمیشہ عوام کی خدمت میں لگی رہتی ہے اور ہمیشہ ملک کی ترقی کو ترجیح دیتی ہے۔ انہوں نے پارٹی کارکنوں کو عوام کی خدمت کرنے کا مشورہ دیا۔ اس دوران انہوں نے پارٹی کیلئے خدمات انجام دینے والے لیڈروں کا شکریہ ادا کیا۔

Ramchander Rao

تلنگانہ بی جے پی دفتر میں یوم تاسیس تقریب منعقد ہوئی۔ اس تقریب تلنگانہ بی جے پی کے صدر رام چندر راؤ نے شرکت کی اور انہوں نے پارٹی دفتر پر پرچم لہرایا۔ اِس تقریب میں سابق گورنر بنڈارو دتاتریا، بی جے پی قومی لیڈر مرلی دھر راؤ، بی جے پی کونسل کے فلور لیڈر اے وی این ریڈی، ایم ایل سی، ایم کو ماریا، بی جے پی ریاستی سکریٹری چندر شیکھر تیواری و دیگر موجود تھے۔ رام چندر راؤ نے اپنے خطاب کے دوران پارٹی کارکنوں کا شکریہ ادا کیا۔ ان کی خدمات کی سراہانا کی۔ انہوں نے کہا کہ بی جے پی پارٹی دنیا کی سب سے بڑی پارٹی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ہمارے لئے یہ فخر کی بات ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔

CM

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے عادل آباد کے پپری میں ایک عوامی جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے قیادت میں عوامی اعتماد کی اہمیت پر زور دیا۔ نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکا کی 1400 کلومیٹر طویل عوامی پدیاترا کی تیسری سالگرہ کے موقع پر انہوں نے مقامی عوام کی جرات کو پارٹی کی انتخابی کامیابی کا سہرا قرار دیا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ ان کی حکومت نے اقتدار سنبھالنے کے بعد سے عادل آباد کی ترقی کو ترجیح دی ہے۔ انہوں نے مقامی لوگوں کو بہادر مجاہدین قرار دیتے ہوئے کہا کہ انہوں نے ظلم کے خلاف جدوجہد کی، نہ کہ محض خاموش تماشائی بنے رہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگرچہ سیاست کا دائرہ انتخابات تک محدود رہتا ہے، لیکن ان کی حکومت جماعتی وابستگیوں سے بالاتر ہو کر ترقی کے لئے پرعزم ہے۔

○○